سوال

(870)جامعہ کی ساری لڑکیاں مجھے تنگ کرتی ہیں الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں جامعہ میں پڑھتی ہوں تواُدھر رات کومجھے خواب آیا کہ جامعہ کی ساری لڑکیاں مجھے تنگ کرتی ہیں، تومجھے ایک آواز آتی ہے یہ پتہ نہیں چلا کہ اُن لڑکیوں میں سے کسی کی تھی یا کسی اور کی تھی آواز آتی ہے کہ اسے تنگ نہ کرواس کا ذکر یا تعلق اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابیات میں ہوتا ہے۔ پھر میری آنکھ کھل گئی۔

اورایک سوال جنات کے متعلق :...

کیاجنات انسان میں داخل ہوکر بولتے بھی ہیں؟ اورکیاکسی عامل سے تعویذ لے کرپنا جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ خواب دیکھنے والی خاتون نیک ہے، اسے چاہیے نیکی میں مزید اضافہ کرے۔

جن اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہے اللہ تعالیٰ نے انہیں نار وآگ سے پیدا فرمایا ہے

[{وَالْجَآنَّ خَلَقْنَاهُ مِن قَبْلُ مِن نَّارِ السَّمُومِ} [الحجر:۲۷] ''اوراس سے پہلے جنات کو ہم نے لو والی آگ سے پیدا کیا۔'']

انسان کو تنگ بھی کرسکتے ہیں، انسان کے اندر داخل ہوکر یا داخل ہوئے بغیر بول سکتے ہیں۔ تعویذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں۔ واللہ اعلم

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02ص816